تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

June, 3, 2024

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے جرمنی کی اپلائیڈ سائنس ارفرٹ یونیورسٹی کے ساتھ کامیاب علمی تبادلہ کا جشن منایا

جامعہ ملیہ اسلامیہ،اے پلس پلس گریڈ یافتہ مرکزی یونیورسٹی نے جرمنی کی اپلائیڈ سائنس ارفرٹ فیکلٹی آف بزنس لاجسٹکس ٹرانسپورٹیشن (ایف ایچ ای) جرمنی کے ساتھ ایک نتیجہ خیز علمی تبادلے کے کامیاب اختتام کا فخریہ اعلان کیا ہے۔

مہم 'اے جرمن انڈین پرس پیکٹیو آن ایچ آر ایم میگا ٹرینڈز اینڈ ڈائیورسٹی اورنیس' جو بین تہذیبی مفاہمت اور تعلیمی اشتراک کے فروغ کے لیے وضع کی گئی تھی انتہائی کامیاب رہی۔

ڈاکٹر ساریکا اور ڈاکٹر شاد حبیب کی رہنمائی میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ایم۔اے ہیومن ریسورس مینجمنٹ پروگرام کے دس طلبا نے کا بیس سے انتیس مئی دو ہزار چوبیس کو فیکلٹی آف اپلائیڈ سائنس کی ارفرٹ یونیورسٹی، جرمنی کا دورہ کیا۔فیکلٹی آف اپلائیڈ سائنسز میں پرجوش استقبالیہ ہوا جس کے بعد ہیومن ریسورس مینجمنٹ، ریٹیل مارکیٹنگ، ٹیم بلڈنگ، لیڈرشپ ان اسپورٹس آرگنائزیشن اینڈ اکونومک پالیسی کے موضوعات پر متعدد خطبات ہوئے۔ڈاکٹر سوسین سچر بیک، پروفیسر انیتی ہاکسٹیل اور پروفیسر برنڈ ساچونڈ کے بشمول معزز پروفیسران نے مذکورہ موضوعات پر اظہار خیالات کیے۔تہذیبی انضام اور مواصلات کے فروغ کے لیے طلبا نے جرمن زبان کے اجلاس میں بھی حصہ لیا۔

تبادلے کے پروگرام میں ارفرٹ، لیپزنگ، ویمار اور ائیناچ کے دورے شامل تھے جن میں جرمنی کی ثروت مند تہذیبی و تاریخ بتائی گئی۔اہم مقامات میں وارٹ برگ کاسٹل، ائیگناک تھیٹر اور گوئٹھے نیشنل میوزیم اور بوچین والڈ یادگار شامل تھے۔اس کے علاوہ طلبا کو وین این جی، لیزنگ اور ایم ڈی سی پاور ان کولیدا جیسے ممتاز اور نمایاں کمپنیوں اور اداروں میں لے جایا گیا جہاں انھیں آپریشنل اور مینیجریل کاموں میں بیش قیمت تجربات حاصل ہوئے

روزانہ کے اجلاس میں طلبا کے آموزشی تجربات پختہ ہوئے۔یہ کامیاب علمی تبادلہ پروگرام جامعہ کی عالمی شراکت داری کے عہد کے فروغ میں ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔نومبر دو ہزار تیئس میں اس سے پہلے جرمنی کے دس طلبا سبائین برنز کی سربراہی میں جامعہ آئے تھے جس سے دونوں یونیورسٹیوں کے درمیان مضبوط رشتے اور تعلق کا اظہار ہوتا ہے۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے جرمنی کی اپلائیڈ سائنسز یونیورسٹی ارفرٹ اور پروفیسر سبائین برنز کا ان کے پرخلوص اور پرجوش

ضیافت کے لیے شکریہ ادا کیا ہے اور ساتھ ہی مستقبل میں تبادلے کے پروگرام کے لیے خواہش کا بھی اظہار کیا ہے جس سے ہمارے طلبا کے تعلیمی تجربے اور عالمی تناظر میں لگاتار اضافہ ہوگا۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی